A **810**

# സമഗ്ര ശിക്ഷാ കേരളം
## വാർഷിക മൂല്യനിർണയം 2022 - 23
## ഉർദു

ക്ലാസ് : VIII    സമയം : 1½ മണിക്കൂർ

ആകെ സ്കോർ : 40

**മാതൃകാ ഉത്തരങ്ങൾ**
**തയ്യാറാക്കിയത് :**
**ഫൈസൽ വഫ, ഉർദു അധ്യാപകൻ,**
**ഗവ. ഹയർസെക്കണ്ടറി സ്കൂൾ, ചാലിശ്ശേരി - പാലക്കാട്**

**1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔** (3x1=3)

1 مہکتے ہوئے پھول کے پاس آؤ 1

لچکتی ہوئی شاخ پر بیٹھ جاؤ

بچو،اس کا شاعر کون ہے؟

[ شمس منیری، جوش ملیح آبادی، علاّمہ اقبال]

* جوش ملیح آبادی

2 نیچے اردو کے چند مشہور ادیب ہیں۔ان میں مغلیہ سلطنت کا ایک بادشاہ ہیں۔چن کر لکھیے۔ 1

[اسماعیل میرٹھی، بہادر شاہ ظفر، شفیع الدین نیّر]

* بہادر شاہ ظفر

3 صحیح جملہ کون سا ہے؟چن کر لکھیے۔ 1

* b) ارچنا ملیشیا میں رہتی ہے۔

a] ارچنا ملیشیا میں رہتے ہیں۔ b] ارچنا ملیشیا میں رہتی ہے۔ c] ارچنا ملیشیا میں رہتا ہے۔

4 'ہم کتنے غریب ہیں!' آپ نے پڑھی ہے نا؟اس کہانی کے کردار کا نام چن کر لکھیے۔ 1

[آنند، گوپال، سندیپ ]

* آنند

**5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔** (3x2=6)

5 چند تفریحی مقامات اور تاریخی عمارتوں کے نام دیے ہیں۔ان کو الگ الگ خانوں میں لکھیے۔ 2

[اوٹی، تاج محل، موٹّار، لال قلعہ ]

| تاریخی عمارتیں | تفریحی مقامات |
|---|---|
| * تاج محل<br>* لال قلعہ | * اوٹی<br>* موٹّار |

6 نیچے دیے جملے غور سے پڑھیے۔ مناسب کردار کا نام جوڑ کر لکھیے۔ [آنند، شاملی، بھاسکر]

2

| | | |
|---|---|---|
| a | ''تم کیا سمجھتی ہو رکمنی؟ کون سا کام شریفانہ نہیں ہے؟'' | * بھاسکر |
| b | ''ابّو، اب میں سمجھ گیا کہ واقعی ہم کتنے غریب ہیں!'' | * آنند |

7 اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں سے ہندوستان کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔ 2

[a پھیلی ہوئی ہے چین و مصر و عراق تک یہ
قومیں جہاں کی اس سے ہیں ہم زبان ہماری

[b بھارت پیارا دیس ہمارا سب دیسوں سے نیارا ہے
ہر رُت ہر موسم اس کا کیسا پیارا پیارا ہے

[c ہم ارض و سماں کو ہلا دیں گے
مزدور ہیں ہم مزدور ہیں ہم

8 نیچے چند چیزیں ہیں۔ ان کو مناسب منڈی اور دکانوں کے ساتھ جوڑ کر لکھیے۔ 2

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| a | مچھلی منڈی | ........... | c | سبزی منڈی | ........... |
| b | کپڑے کی دکان | ........... | d | اناج کی دکان | ........... |

بیگن، قمیص، چنا، کُرتا، دال، بانگڑا، ٹماٹر، تارلی

* مچھلی منڈی : بانگڑا، تارلی * کپڑے کی دکان : قمیص، کرتا
* سبزی منڈی : بیگن، ٹماٹر * اناج کی دکان : چنا، دال

**9 سے 15 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھیے۔ [5x3=15]**

9 شہر میں بڑی بڑی عمارتیں ہیں اور گاڑیوں کی بڑی بھیڑ بھی ہوتی ہے۔ گاؤں میں چاروں طرف ہرے بھرے کھیت ہیں اور صاف ستھرے ندی نالے ہیں۔ 3
بچّو، آپ شہر یا گاؤں میں رہتے ہیں؟ آپ کے گاؤں یا شہر کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

* میرا گاؤں چھوٹا ہے۔ میرے گاؤں میں اسکول ہے۔ میرے گاؤں کے کھیت ہرے بھرے ہیں۔ میرے گاؤں کے لوگ کسان ہیں۔ میرا گاؤں بہت خوب صورت ہے۔

10 لال قلعہ ہندوستان کی تاریخی عمارت ہے۔ آزادی کے دن لال قلعہ میں قومی جھنڈا لہراتے ہیں۔ 3

a] بچوّ، لال قلعہ کہاں واقع ہے؟

b] لال قلعہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نوٹ لکھیے۔

a) لال قلعہ دہلی میں واقع ہے۔

b) لال قلعہ ہندوستان کی ایک تاریخی عمارت ہے۔ یہ قلعہ مغلیہ سلطنت کی بناوٹ ہے۔ یہ لال پتھروں سے بنایا گیا ہے۔ اس کے اندر دیوانِ عام ، دیوانِ خاص ، موتی مسجد وغیرہ بہت ساری عمارات ہیں۔

11 ڈاکٹر، چمار، لوہار جیسے مختلف پیشہ کرنے والے مزدور لوگ ہیں۔ مزدوروں کی محنت سے یہ دنیا چلتی ہے۔...... 3

a ] بچوّ، اس طرح کے اور دو پیشہ وروں کے نام لکھیے۔

b ] آپ کا پسندیدہ پیشہ ور کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

a) مستری، رنگ ساز۔

b) مستری کا کام میرا پسندیدہ کام ہے۔ مستری لوگ ہمارے لیے گھر اور عمارتیں بنا دیتے ہیں۔ مستری کا کام بہت اچھا کام ہے۔ مستری لوگ بڑے ہنرمند ہوتے ہیں۔

12 رنگ برنگے پھول، پھولوں سے رس چوسنے والی تتلیاں، پانی کے فوّارے، کھیلنے والے بچے..... 3
واہ! پارک کا نظارہ کتنا حسین ہے!

a] بچّو، پارک سے تعلق رکھنے والے چار الفاظ لکھیے۔

b] پارک کے بارے میں ایک بیانیہ تیار کیجیے۔

a) پھول ، تتلیاں ، فوّارے ، خوب صورت


b) * پارک میں رنگ برنگے پھول ہیں۔

* پارک کے پھولوں سے تتلیاں رس چوستی ہیں۔

* پارک میں بچّے کھیلتے ہیں۔

* پارک کا نظارہ خوب صورت ہے۔

13 یہ اشتہار پڑھیے۔ 3




ٹی وی اور اخبار میں اس طرح کے کئی اشتہارات آتے ہیں۔
بچّو، آپ کی پسندیدہ چیز کے بارے میں اشتہار تیار کیجیے۔



لے لو ، لے لو چھتری... رنگ برنگی چھتری...
دھوپ ہو یا بارش ہو ... کام آئے گی چھتری...
قیمت صرف -/۲۵۰ روپے

14 آج کل لوگ ماحول کو برباد کر رہے ہیں۔ پیڑ پودے کاٹ رہے ہیں۔ 3
پلاسٹک جیسی گندی چیزیں ڈال کر مٹی اور ندی نالوں کو بگاڑ رہے ہیں۔
بچّو، اسکول میں ماحولیاتی کلب کے ماتحت ایک جلوس نکلنے والا ہے۔ جلوس کے لیے تین نعرے تیار کیجیے۔

فطرت کو بچانا ہمارا فرض ہے جیسے:۔

* چھوڑ دو پلاسٹک، بچا دو فطرت! * فطرت کی حفاظت کرو ، ہماری جان بچاؤ!
* گندی چیزیں مت پھینگو ، فطرت ہماری دولت ہے!

15 روہن اسکول کے افسانہ نگاری میں اوّل آیا۔ 3

a] بچّو، روہن کے افسانے کا موضوع کیا تھا؟

b] آپ کا پسندیدہ ایک پیڑ کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

a) * روہن کے افسانے کا موضوع جامن کا پیڑ تھا۔

b) * میرا پسندیدہ پیڑ ناریل کا پیڑ ہے۔ وہ ہم کو ناریل دیتا ہے۔ ناریل کا پانی میٹھا اور صحتی ہے۔ ناریل کے پیڑ سے ہمیں بہت کچھ فائدے ہوتے ہیں۔

**16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔** 4x4=16

16 4

مذہب کچھ ہو ہندی ہیں ہم سارے بھائی ہیں
ہندو ہیں یا مسلم ہیں یا سکھ ہیں یا عیسائی ہیں

a] بچّو، شعر غور سے پڑھیے۔ اس کا شاعر کون ہے؟ [اسرار الحق مجاز، افسر میرٹھی، شمس منیری]

b] ہمارے دیس میں کون کون رہتے ہیں؟ اس شعر میں ہندوستان کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔ شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

a) * اس شعر کا شاعر افسر میرٹھی ہے۔

b) * شاعر کہتے ہیں کہ ہمارے دیس ہندوستان میں مختلف مذاہب کے لوگ جیتے ہیں۔ ان میں ہندو ہیں، مسلمان ہیں، سِکھ اور عیسائی لوگ ہیں۔ یہ سارے لوگ آپس میں بھائی بھائی ہوتے رہتے ہیں۔ کیوں کہ ہم سب ہندوستانی ہیں۔

17 'ایک خواب اور.....' کہانی آپ نے پڑھی ہے نا؟ رحیم بھائی اس کا ایک کردار ہے۔ 4

a] بچّو، اس کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b] کہانی کا پسندیدہ کردار پر نوٹ لکھیے۔

a) * سلیم اور سندیپ اس کہانی کے دو اہم کردار ہیں۔

b) * اس کہانی کا میرا پسندیدہ کردار سندیپ ہے۔ کیوں کہ وہ ایک اچھا اور سچّا لڑکا ہے۔ وہ اپنے لیے ایک سائیکل خرید نے کے لیے روپے کماتے تھے۔ لیکن اپنے پیارے دوست سلیم کی بیماری کے علاج کے لیے وہ پیسے دیتا ہے۔ وہ اپنی دلی خواہش سے زیادہ اپنی دوستی پر قدر کرنے والا ہے۔

4 18 عبارت غور سے پڑھیے۔ اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال اردو کے مشہور شاعر ہیں۔ ان کی پیدائش ۹/ نومبر ۱۸۷۷ء کو سیال کوٹ میں ہوئی۔ ان کی یوم پیدائش ۹/ نومبر کو عالمی یوم اردو کے طور پر منایا جاتا ہے۔ بچپن ہی سے انھیں شاعری کا شوق تھا۔ وہ ایک فلسفی شاعر تھے۔ بانگ درا، بالِ جبریل اور ضربِ کلیم ان کی شاعری کے مجموعے ہیں۔

[کیا کیا، کون، کیسے، کب، کیوں، کہاں]

* ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کون ہیں؟
* ان کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟
* ان کی شاعری کے مجموعے کیا کیا ہیں؟
* عالمی یومِ اردو کب منایا جاتا ہے؟

4 19

سب بولیوں سے اچھی اردو زبان ہماری
بولی یہی ہے اب اے ہندوستان ہماری

شاعر اردو زبان کے بارے میں کہہ رہے ہیں۔ اردو آج ایک عالمی زبان بن گئی ہے۔

بچّو، اردو زبان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ایک نوٹ لکھیے۔

* اردو ایک ہندوستانی زبان ہے۔ اردو شیرین زبان ہے۔ اردو غزلوں اور گیتوں کی زبان ہے۔ اردو ایک آسان زبان ہے۔ اردو سب بولیوں سے اچھی زبان ہے۔ آج کل اردو زبان دنیا کے کونے کونے میں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔

20 بھاسکر کا بیٹا سندیپ تین سال کے بعد ولایت سے گھر واپس آیا۔

بھائی جان کو دیکھ کر اس کی بہن شالمی دوڑتی ہوئی آئی اور گلے لگا کر خوشی سے پوچھنے لگی.....

شالمی : بھائی جان! آپ کیسے ہیں؟

سندیپ : .........................

بچّو، شالمی اور سندیپ کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

* شالمی اور سندیپ کی گفتگو

شالمی : بھائی جان! آپ کیسے ہیں؟

سندیپ : ٹھیک ہوں بہنا۔ آپ لوگ کیسے ہیں؟

شاملی : ہم بھی خیریت سے ہیں بھائی جان۔

سندیپ : بہنا، تمھاری پڑھائی کیسی چل رہی ہے؟

شاملی : ابھی ابھی امتحان ہو چکا ہے۔

سندیپ : امتحان کیسے گزرے؟

شاملی : بہت آسان تھے۔ اب میں نتیجے کے انتظار میں ہوں۔

سندیپ : ٹھیک ہے بہنا، تمھاری کامیابی کے لیے میری دعا ہے۔

شاملی : شکریہ بھائی جان۔

21 پوسٹر پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

یومِ مطالعہ کا جشن

۱۹/جون ۲۰۲۳
لائبریری ہال، کاسرگوڑ

(پی۔این پنکّر کی یاد میں)

افتتاح : بھاسکرن ماسٹر (مشہور شاعر)

صدارت: فوزیہ بانو (ہیڈ مسٹرس)

سب کا خیر مقدم

پریم چند اردو کلب

a] یہ کس پروگرام کا پوسٹر ہے؟

b] پروگرام کا افتتاح کون کرتا ہے؟

c] یومِ مطالعہ کیوں منایا جاتا ہے؟

a) یہ یومِ مطالعہ کے جشن کا پوسٹر ہے۔

b) پروگرام کا افتتاح مشہور شاعر بھاسکرن ماسٹر کرتا ہے۔

c) یومِ مطالعہ پی این پنیکر کی یاد میں منایا جاتا ہے۔